
Lecturer Urdu

(Education)



Lecturer Urdu

Q.1: سوال نمبر97کے حوالے سے بتائیے کہ یہ اشعارکس کے ہیں؟
A. میرتقی میر
B. **میرانیس**
C. محمدابراہیم ذوق
D. میرزاداغ دہلوی

Q.2: روزمرہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ
A. محاورہ بھی ہو
B. **اپنے حقیقی معنی دے**
C. اپنے مجازی معنی دے
D. قواعد کے مطابق ہو

Q.3: جونپورکاقاضی،ضرب المثل ہے ۔اس سے کیامرادلیاجاتاہے؟
A. انتہائی سمجھدار
B. ترت فیصلہ دینے والا
C. **بے وقوف،احمق**
D. فیصلے کولٹکانے والا

Q.4: بھان متی کاکنبہ،ضرب المثل ہے ۔ا س سے کیامرادہے؟
A. **واہی تباہی لوگوں کامجمع**
B. شورمچانے والوں کاگروہ
C. ادنیٰ ذات کے ہندوئوں کاکنبہ
D. ہرعمر کے لوگوں کااژدھام

Q.5: اصطلاح نظم میں "ریختی"کیاہے؟
A. **عورت کی طرف سے اظہارعشق کانام ہے**
B. گنواروں کی بولی ہے
C. ریختہ کی مئونث ہے
D. عورتوں کی روزمرہ زبان کانام ہے

Q.6: اصناف نظم میں"رباعی "کتنے شعروں پرمشتمل ہوتی ہے؟
A. فقط ایک شعرپر
B. **دوشعروں پر**
C. چارشعروں پر
D. چھ شعروں پر

Q.7: اصناف نظم میں "قطعہ"کتنے شعروں پرمشتمل ہے؟
A. فقط دوشعروں پر
B. چارشعروں پر
C. چھ شعروں پر
D. **تعدادپرپابندی نہیں**

Q.8: غزل کی زبان کیسی ہوتی ہے۔
A. **علائم وموزکی زبان**
B. غم والم کی زبان
C. ہجروفرق کی زبان
D. تزک واحتشام کی زبان

Q.9: ادب کی اصطلاح میں "تاریخ گوئی"کسے کہتے ہیں؟
A. ملک کے حالات قلم بندکرنا
B. اہم تاریخی واقعات کالکھنا
C. **حروف کے عددسے سال برآمدکرنا**
D. تاریخی واقعات کوزبانی ترتیب دینا

Q.10: بے نقط شاعری،سے کیامرادہے؟
A. **جس میں نقطہ نہ آئے**
B. بے ہنگم شاعری
C. جس میں برابھلاکہاگیاہو
D. مسلسل مفہوم کی حامل شاعری

Q.11: سانیٹ انگریزی صنف نظم ہے جواردومیں بھی رائج ہے۔اس میں کل کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
A. دس مصرعے
B. بارہ مصرعے
C. **چودہ مصرعے**
D. ان میں سےکوئی بیان درست نہیں

Q.12: ہجو ایسی صنف نظم ہے جس میں
A. **کسی کوبرابھلاکہاگیاہو**
B. کسی کی خوب تعریف ہو
C. کسی واقعہ کابیان ہو
D. کہیں مذمت کہیں مدح ہو

Q.13: غزل در غزل،سے کیامرادہے
A. بغیرمقطع کے غزل
B. طویل بحر کی غزل
C. سنگلاخ زمین میں غزل
D. **اسی بحر،ردیف قافیے میں ایک اورغزل**

Q.14: پابندنظم کے لیے لازمی ہے؟
A. ردیف
B. **قافیہ**
C. ردیف قافیہ دونوں
D. چھوٹی بحر

Q.15: مولانہ حالی کے خیال میں سب سے کارآمدصنف سخن کون سی ہے؟
A. غزل
B. رباعی
C. **مثنوی**
D. مسدس

Q.16: ہائیکو،جاپانی صنف نظم ہے اوراردومیں ھی مروج ہےبتائیے ہائیکومیں کل کتنے مصرعےہوتے ہیں؟
A. دو
B. چار
C. چھے
D. **ان میں سےکوئی بیان درست نہیں**

Q.17: کس صنف نثر کی زبان غزل سے قریب ترہوتی ہیں؟
A. مقالہ
B. مضمون
C. **انشائیہ**
D. خالہ

Q.18: جوگی،اردوشعری ادب کی ایک معروف نظم کاعنوان ہے۔یہ نظم کس کی تخلیق ہے؟
A. محمددین فوق
B. تلوک چندمحروم
C. **خوشی محمدناظر**
D. علامہ اقبال

Q.19: جملہ مکمل کیجئے،اردوشاعری کے کلاسیکی دورسےلے کرجدیداورشاعری تک ۔۔۔۔کی صنف شاعر کے قدرت کلام کوپرکھنے کی کسوٹی رہی ہے؟
A. قصیدہ
B. غزل
C. **رباعی**
D. قطعہ

Q.20: میرانیس اورمرزادبیرنے مرثیہ بالعموم کس شعری ہیئت میں لکھا؟
A. مثلث
B. مربع
C. مخمس
D. **مسدس**

Q.21: اردو میں "رئیس الاحرار"کس شاعر کوکہاجاتاہے؟
A. مولانہ حسرت موہانی
B. **مولانہ محمدعلی جوہر**
C. جوش ملیح آ بادی
D. مجیدامجد

Q.22: اردومیں"شاعرمزدور"کسے کہاجاتاہے؟
A. جوش ملیح آبادی
B. فیض احمدفیض
C. **احسان دانش**
D. ساغرصدیقی

Q.23: شاعرکشمیر،کے لقب سے کون ملقب ہے؟
A. خوشی محمدناظر
B. **محمددین فوق**
C. علامہ اقبال
D. حفیظ جالندھری

Q.24: ملک الشعراموالنہ غلام قادرگرامی جوعلامہ اقبال کے دوست بھی تھے،کس زبان کے شاعرتھے؟
A. **فارس**
B. اردو
C. فارسی اوراردودونوں
D. عربی

Q.25: علامہ اقبال "صفکرمشرق:کےلقب سے لقب ہی،بتائیےمصورمشرق"کن کوکہاجاتاہے؟
A. صادقین
B. استادالله بخش
C. **عبدالرحمن چغتائی**
D. بشیرموجد

Q.26: غلام عباس کے افسانے"اوورکوٹ"کے پس منظرمیں کس شہرکی سڑکوں کاذکرملتاہے؟
A. دہلی
B. لکھنو
C. کراچی
D. **لاہور**

Q.27: طبقہ نسواں کامحسن،کس مصنف کوقراردیاجاتاہے؟
A. سرسیداحمدخان
B. مولاناحالی
C. **علامہ راشدالخیری**
D. شاہداحمددہلوی

Q.28: اردوشاعری میں "خدائے سخن،کن کوکہاجاتاہے؟
A. دلی دکنی
B. **میر تقی میر**
C. مرزاغالب
D. میرزاداغ دہلوی

Q.29: اردوکے کس شاعرکو"عوامی شاعر"کہاجاتاہے؟
A. **نظیراکبرآبادی**
B. جوش ملیح آبادی
C. علامہ اقبال
D. احسان دانش

Q.30: کس دُرانگارکو"انڈین شیکسپیئر"کہاجاتاہے؟
A. طالب بنارسی
B. **آغاحشر**
C. امتیازعلی تاج
D. میرزاادیب

Q.31: میرتقی میر نے اپنی زندگی کے آخری تیس اکیتیس سال کہاں بسرکیے؟
A. دہلی
B. **لکھنو**
C. آگرہ
D. حیدرآباد(دکن)

Q.32: نکات الشعرا،اس کی تصنیف ہے؟
A. خواجہ میر درد
B. **میر تقی میر**
C. میرانیس
D. مر زا غآ لب

Q.33: سوزوطن،کس کے افسانوں کامجموعہ ہے؟
A. کرشن چندر
B. سعادت حسن منٹو
C. **پریم چند**
D. سجاد حیدر یلدرم

Q.34: غبارخاطر،کاتعلق کس صنف ادب سے ہے؟
A. انشائیہ
B. تمثیل
C. **مکتوب**
D. مضمون

Q.35: بانگ درا،کادیباچہ کس نے لکھا؟
A. سیدسلیمان ندوی
B. **سرعبدالقادر**
C. مولانا عبدالماجد دریابادی
D. جسٹیس شاہ دین ہمایوں

Q.36: پنج آہنگ ،کس کے مکاتیب کامجموعہ ہے؟
A. مشفق خواجہ
B. مولوی عبدالحق
C. **میرزاغالب**
D. ڈپٹی نذیر احمد

Q.37: ذکرمیر،کس کی خودنوشت ہے؟
A. میرانیس
B. میردرد
C. میرمہدی حسین مجروح
D. **میر تقی میر**

Q.38: خواجہ حسن نظامی کی تصنیف "سی پارہ دل"کے مضامین کی بنیادی خاصیت کیاہے؟
A. **پرمضمون میں تصوف ضرورہے**
B. تمام مضامین ترجمہ ہیں
C. بزرگان دین کا ذکر ہے
D. جنگ آزادی کے بارے میں ہیں

Q.39: مولانا عبدالحلیم شررکے ناول"فردوس بریں"کی دستان کاموضوع کیاہے؟
A. ہلاکوخاں کی بربادی
B. داستان با غ ارم
C. عالم اسلام کاعروج
D. **فرقہ باطنیہ کی تحریک**

Q.40: حفیظ جالندھری کی تصنیف"شاہنامہ اسلام"کون سے صنف شعرمیں لکھی گئی ہے؟
A. مسدس
B. مخمس
C. **مثنوی**
D. قصیدہ

Q.41: اردومیں تنقیدکی اولین کتاب کسے قراردیا جاتاہے؟
A. آب حیات
B. **مقدمہ شعر و شاعری**
C. نکات سخن
D. خم خانہ جاوید

Q.42: فرہنگ آصفیہ،کے مصنف کانام بتائیے؟
A. **سیداحمددہلوی**
B. عبداللہ خان خویشگی
C. مولوی نورالحسن نیر
D. وارث سرہندی

Q.43: دکن میں اردو،کے مصنف کون ہیں؟
A. محی الدین قادری زور
B. **نصیرالدین ہاشمی**
C. مولوی عبدالحق
D. ابوللیث صدیقی

Q.44: علامہ اقبال کے کس شعری مجموعے میں ان کافارسی اوراردوکلام شامل ہے؟
A. اسرارخودی
B. بال جبریل
C. زبورعجم
D. **ارمغان حجاز**

Q.45: درج ذیل داستانوں میں سے کون سی داستان لکھنومیں لکھی گئی ؟
A. باغ و بہار
B. **فسانہ عجائب**
C. قصص العجائب
D. توتاکہانی

Q.46: مرزاغاب کےاردو مکاتیب پر مبنی کتاب کون سی ہے؟
A. دستنبو
B. **عود ہندی**
C. یادگار غالب
D. برہان قاطع

Q.47: مشرقی تمدن کا آخری نمونہ اردو میں عمرانیا کی پہلی کتاب ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟
A. مرزاہادی علی رسوا
B. رجب علی بیگ سرور
C. مسعود حسن رضوی ادیب
D. **مولانا عبدالحلیم شرر**

Q.48: "بیگمات" کے آنسو کس کی تصنیف ہے؟
A. **خواجہ حسن نظامی**
B. شاہد احمد دہلوی
C. مولانا عبد الحلیم شرر
D. علامہ راشد الخیری

Q.49: مجالس النسا اردو کا ایک مقصدی ناول ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں ؟
A. ڈپٹی نذیر احمد
B. **خواجہ الطاف حسین حالی**
C. مولانا عبد الحلیم شرر
D. علامہ راشد الخیریِ

Q.50: مہر نیمروز" مرزا غالب کی تصنیف ہے، اس کا "موضوع کیا ہے؟
A. جنگ آزادی کے خونیں واقعات
B. **خاندان مغلیہ کی نا تمام تاریخ**
C. میر زا کے فارسی خطوط کا مجموعہ
D. اردو خطوط کا مجموعہ

Q.51: " مٹی کا دیا" کس کی خود نوشت ہے؟
A. جوش ملیح آبادی
B. احسان دانش
C. **میرزا ادیب**
D. دیوان سنگھ مفتوں

Q.52: " مٹی کا دیا" کس کی خود نوشت ہے؟
A. **جوش ملیح آبادی**
B. احسان دانش
C. میرزا ادیب
D. دیوان سنگھ مفتوں

Q.53: مجھے میرے دوستوں سے بچاو" اردو کا ایک شاہکار مضمون ہے۔ اس کے مصنف کون ہیں؟
A. **سجاد حیدر یلدرم**
B. مولوی عبدالحق
C. رشیداحمد صدیقی
D. مرزا فرحت اللہ بیگ

Q.54: روشنائی کس کی تصنیف ہے؟
A. سر سید احمد خاں
B. **سید سجاد ظہیر**
C. جوش ملیح آبادی
D. رشید احمد صدیقی

Q.55: اعلان جنگ، دورِ حاضر کے خلاف ۔۔۔۔ یہ الفاظ علاَمہ اقبال کے کس مجموعہ کلام کے سرورق پر درج ہیں؟
A. بانگ درا
B. بالِ جبَریل
C. **اسرار اَخودی**
D. رموزِ بے خودی

Q.56: علامہ اقبال کا سب سے پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟
A. بانگ درا
B. بال جبَریل
C. **اسرار خودی**
D. رموزِ بے خودی

Q.57: پامال راستوں کو ترک کر کے ایک تخلیقی جذبے کے تحت نئی قدروں کی تلاش میں منہک ہونے کے عمل کو ادب کی اصطلاح میں کیا نام دیا جاتا ہے؟
A. کلا سیکیت
B. **رومانویت**
C. ارفعیت
D. ایمائیت

Q.58: اردوکلاسیکی اورجدیدشاعری کاسنگم کس شاعر کی ذات کوگرداناجاتاہے؟
A. مولانا محمد حسین آزاد
B. **مولانا الطاف حسین حالی**
C. مولانا حسرت موہانی
D. علامہ اقبال

Q.59: بزاخفش کی ترکیب اردومیں کن معنوں میں مستعمل ہے؟
A. تیزوطرارشخص
B. **بےسوچے سمجھے ہاں میں ہاں ملانے والا**
C. ہروقت بے چین
D. ہروقت تعاقب میں پھرنے والا

Q.60: گرگ آشتی،کی ترکیب اردومیں مستعمل ہے جس کامفہوم ہے؟
A. جنگل کاقانون
B. بھیڑوں کی سی درنگی
C. امن چین سے رہنا
D. **بظاہردستی بباطن دشمنی**

Q.61: آخری مغل فرماں رائوبہادرشاہ ظفر کے استادجوملک الشعرائی کے رتبے پربھی فائز تھے وہ کون تھے؟
A. **شیخ ابراہیم ذوق**
B. مرزاغالب
C. مولوی امام بخش صبائی
D. حکیم مومن خان مومن

Q.62: مولاناحالی کے خیال میں سب سے مقدم اورضروری چیزجوشاعرکومتشاعرسے ممیزومشرف کرتی ہے،کیاہے؟
A. **تخیل**
B. ردیف
C. قافیہ
D. الفاظ کی روانی

Q.63: جدیداردونظم کاآغازکہاں سے ہوا؟
A. (اودھ بین(لکھنو
B. (تہذیب الاخلاق (علی گڑھ
C. (انجمن حمایت اسلام(لاہور
D. **(انجمن پنجاب (لاہور**

Q.64: اردوادب میں ترقی پسند تحریک کے روح رواں کون تھے؟
A. منشی پریم چند
B. فیض احمد فیض
C. **سید سجادظہیر**
D. ظہیر کاشمیری

Q.65: علامہ اقبال کی اردوشاعری کاماحاصل ان کی کس نظم کوکہاجاتاہے؟
A. تصویردرد
B. **ساقی نامہ**
C. طلوع اسلام
D. شمع اور شاعر

Q.66: علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں کس صنف نظم کوسب سےزیادہ برتاہے؟
A. غزل
B. ترجیع بند
C. ترکیب بند
D. **مثنوی**

Q.67: زاہدسالوں،ایسے زاہدکوکہاجاتاہےجو
A. **اپنی ظاہری وضع سے دھوکادے**
B. حقیقی معنوں میں زاہدہو
C. مردم آزادرہو
D. لوگوں سے میل جول نہ رکھے

Q.68: کسی میڈیکل کالج کے طالب علم کو"ڈاکٹر صاحب"کہنا،اصطلاح میں کیاکہلاتاہے؟
A. کنایہ
B. تشبیہ
C. **مجازمرسل**
D. استعارہ

Q.69: قائداعظم یا"مادرملت"کے الفاظ قواعدکی روسے کیاہیں؟
A. **لقب**
B. خطاب
C. تخلص
D. عرف

Q.70: لفظ"پہناوا"کوقواعدکی روسے کیاکہیں گے؟
A. اسم جامد
B. **اسم مصدر**
C. فعل متعدی
D. اسم حاصل مصدر

Q.71: نوتیرہ بائیس بتانا،محاورہ ہے ۔اس کے معنی کیاہیں؟
A. صاف جواب دے دینا
B. ناچ تماشاکرکے دکھانا
C. لڑائی کاڈول ڈالنا
D. **ٹال دینا**

Q.72: پاکستانی،پنجابی،سندھی،بلوچی،دہلوی،بخاری،مدنی،عثمانی وغیرہ میں استعمال "ی"کواصطلاح میں کیانام دیاجاتاہے؟
A. یائے معروف
B. یائے مجہول
C. **یائے نسبتی**
D. یائے متکلم

Q.73: حسن یوسف،"دم عیسیٰ"،"یدبیضا"کواردوزبان کواصطلاح میں کیاکہیں گے ؟
A. تشبیہ
B. استعارہ
C. **تلمیح**
D. کنایہ

Q.74: نالش کرنا،محاورہ ہے اس کے معنی کیاہیں؟
A. آہ وزاری کرنا
B. صلح صفائی کاآغازکرنا
C. ڈانٹ ڈپٹ کرنا
D. **دعویٰ دائرکرنا**

Q.75: ٹیپ کامصرع کسے کہتے ہیں؟
A. نظم کاپہلامصرع
B. نظم کاآخری مصرع
C. نظم کاسب سے دلآویزمصرع
D. **پربندمیں بار بارآنے ولامصرع**

Q.76: غتربودکرنا،محاورہ ہے اس کامفہوم کیاہے؟
A. بلغ اندازاختیارکرنا
B. جھگڑے کی بنیادرکھنا
C. شیروشکرہونا
D. **خلط ملط کردینا**

Q.77: نخاس چڑھنا،محاورہ ہے اس کے معنی کیاہیں؟
A. **رسوائے عام ہونا**
B. بازارکامنداہونا
C. بازارکاتیزہونا
D. گھڑسواری کرنا

Q.78: خواجہ میردردشاعرہیں جب کہ خواجہ حسن نظامی نثرنگار:پھران دونوں میں قدرمشترک کیاہے؟
A. خواجگی
B. دہلویت
C. **تصوف**
D. حضرت نظام الدین اولیاسے نسبت

Q.79: اہل لاہورکو"زندہ دلان لاہور"کالقب کس نے دیا؟
A. پطرس بخاری
B. خواجہ حسن نظامی
C. علامہ اقبال
D. **سرسید احمد خان**

Q.80: علامہ اقبال نے پرندوں میں"شاہین"کوجن صفات کی بناء پرپسندکیاہے ان میں سے اہم ترین صفت یہ ہیے کہ شاہین
A. پرندوں کابادشاہ ہے
B. فضامیں کاشکارکرتاہے
C. **بلندپروازہے**
D. کئی کئ دن بھوکارہ سکتاہے

Q.81: علامہ اقبال اپنے آپ کوکس ہستی کے معنوئ شاگردکہنے پرفخرمحسوس کرتے تھے؟
A. شمس تبریزی
B. شیخ سعدی
C. حافظ شیرازی
D. **مولاناروم**

Q.82: پانی میں آگ لگانا،محاورہ ہے اس کےمعنی کیاہیں؟
A. کسی شے کامہنگاہونا
B. چرب زبان ہونا
C. **متحمل مزاج کوبھڑکانا**
D. مخالفت کاسخت شرمندہ ہونا

Q.83: تصدق حسین خالد،ن۔م راشد اورمیراجی میں قدرمشترک کیاہے؟
A. غزل
B. مثنوی
C. **آزادنظم**
D. نظم معرئ

Q.84: کچاچٹھاکہنا، محاورہ ہے اس کامفہوم ہے؟
A. بچپن کاحال سنانا
B. **صحیح صحیح حال بیان کرنا**
C. چھٹی پڑھ کرسنانا
D. ما حاصل بیان کرنا

Q.85: ہرچند،اردومیں سب سے کم سرمایہ چھوڑاہےمگرسرمایہ چھوڑاہے مگرکتنااونچامقام پایا۔"ژشیداحمدصدیقی کایہ جملہ کس مزاح نگارکی ذات پرصادق آتاہے؟
A. **پطرس بخاری**
B. فرحت اللہ بیگ
C. شوک تھانوی
D. ابن انشا

Q.86: فاختہ اُڑانا،محاورہ ہے اس کامفہوم کیاہے؟
A. ہانگ لگانا
B. شورمچانا
C. **مزے اُڑانا**
D. تہس نہس کرنا

Q.87: ابن انشاء کرنل محمدخاں اورمشتاق احمدیوسفی میں قدرمشترک کیاہے؟
A. خاکہ نگاری
B. سفرنامہ نگاری
C. فکاہیہ کالم نگاری
D. **مزاح نگاری**

Q.88: دامن ترہونا،محاورہ ہے۔اس کامطلب ہے؟
A. پیاس بجھانا
B. غم میں شریک ہونا
C. آنسو بہانا
D. **گناہ گارہونا**

Q.89: جب الفاظ کے حقیقی اورمجازی معنوں میں تشبیہ کاتعلق ہوتواسے اصطلاح میں کیاکہیں گے؟
A. تشبیہ
B. **استعارہ**
C. مجازمرسل
D. کنایہ

Q.90: پانی بھرنا،محاورہ ہے اس کامفہوم ہے؟
A. **غلامی کرنا**
B. کنویں میں سے پانی نکالنا
C. پانی پلانا
D. مستقبل کی فکرکرنا

Q.91: سبزقدم ہونا،محاورہ ہے اس کامفہوم ہے؟
A. مبارک ہونا
B. چاروں طرف سبزہ ہونا
C. **منحوس ہونا**
D. سنسان ہونا

Q.92: گذریا،اردوافسانوی ادب کاایک شاہکارافسانہ ہے۔افسانہ نگارکانام بتایئے؟
A. **اشفاق احمد**
B. بانوقدسیہ
C. انتظارحسین
D. غلام عباس

Q.93: آنکھیں سفیدہونا،محاورہ ہے ۔اس کامطلب ہے؟
A. سنگ دل ہونا
B. **بینائ جاتے رہنا**
C. بے حیا ہونا
D. ضعیف العمرہونا

Q.94: شین کاف درست ہونا،سےمرادہے؟
A. ادب سے گفتگوکرنا
B. دھیمے لہجےمیں بات کرنا
C. خوش لباس ہونا
D. **زبان کاتلفظ صحیح ہونا**

Q.95: Dr. Fallonاور Platts, John Shakespeare میں قدرمشترک کیاہے؟
A. اردو ناول نگاری
B. بانوقدسیہ
C. **انتظارحسین**
D. غلام عباس

Q.96: فیل مچانا،محاورہ ہے اس کے معنی ہیں؟
A. شورمچانا
B. دہائی دینا
C. زورزورسے رونا
D. **جھوٹ موٹ کارونا**

Q.97: مری قدر کرائے زمین سخن تجھے بات میں آسماں کردیا صبک ہوچلی تھی ترازووئے شعر مگرہم نے پلہ گراں کردیا
A. **قطعہ**
B. رباعی
C. مثنوی
D. قصیدہ

Q.98: سوال نمبر97کے حوالے سے بتایئے کہ ان اشعارمیں قافیہ کیاہے؟
A. کردیا
B. اسماں کردیا
C. **آسماں،گراں**
D. زمین وآسماں

Q.99: سول نمبر97کے حوالےسے بتایئے کہ ان اشعارمیں ردیف کیاہے؟
A. دیا
B. **کردیا**
C. آسماں کردیا،گراں کردیا
D. ردیف نہیں ہے

Q.100: محاورہ کےلیے لازمی ہے کہ وہ
A. **اپنے مجازی معنی دے**
B. اپنے حقیقی معنی دے
C. فقط ایک لفظ پرمشتمل ہو
D. فقط دولفظوں پرمشتمل ہو

Lecturer Urdu
(Answer Key)

1. **B**	2. **B**	3. **C**	4. **A**	5. **A**	6. **B**	7. **D**	8. **A**	9. **C**	10. **A**
11. **C**	12. **A**	13. **D**	14. **B**	15. **C**	16. **D**	17. **C**	18. **C**	19. **C**	20. **D**
21. **B**	22. **C**	23. **B**	24. **A**	25. **C**	26. **D**	27. **C**	28. **B**	29. **A**	30. **B**
31. **B**	32. **B**	33. **C**	34. **C**	35. **B**	36. **C**	37. **D**	38. **A**	39. **D**	40. **C**
41. **B**	42. **A**	43. **B**	44. **D**	45. **B**	46. **B**	47. **D**	48. **A**	49. **B**	50. **B**
51. **C**	52. **A**	53. **A**	54. **B**	55. **C**	56. **C**	57. **B**	58. **B**	59. **B**	60. **D**
61. **A**	62. **A**	63. **D**	64. **C**	65. **B**	66. **D**	67. **A**	68. **C**	69. **A**	70. **B**
71. **D**	72. **C**	73. **C**	74. **D**	75. **D**	76. **D**	77. **A**	78. **C**	79. **D**	80. **C**
81. **D**	82. **C**	83. **C**	84. **B**	85. **A**	86. **C**	87. **D**	88. **D**	89. **B**	90. **A**
91. **C**	92. **A**	93. **B**	94. **D**	95. **C**	96. **D**	97. **A**	98. **C**	99. **B**	100. **A**